سوال

ایڈز کے مریض سے شادی کرنے کا حکم

جواب

الحمدللہ

وہ اس وقت تک شادی نہ کرے جب تک اپنی مرض کو بیان نہ کردے ، اسے واضح کرنا چاہیے کہ مجھے فلاں بیماری ہے اور اگر وہ اس پر موافق ہوں تو ٹھیک وگرنہ شادی نہ کرے ، کیونکہ جب وہ سسرال والوں پر اپنے مرض کو مخفی رکھے گا تو وہ انہیں دھوکہ دے رہا ہے

ہوسکتا ہے اس عورت سے خاوند کو یا پھر مرد سے عورت کو اور پھر ان کی اولاد میں بھی وہ بیماری منتقل ہوجائے اس لیے پہلے وضاحت کرنا ضروری ہے ، لیکن اگر وہ عورت آپ پر راضی ہوجاتی ہے اور اللہ کی تقدیر پر راضی ہوتے ہوئے شادی کرتی ہے تو اس میں کوئی حرج نہیں

واللہ اعلم .